سے کتنے مفید نتائج پیدا ہو سکتے ہیں۔ مولانا نے اس پہلو پر، اس خطبے میں سیر حاصل بحث کی ہے۔ اس کا تمام تر تعلق قرآن مجید سے ہے ۔مولانا عبیداللہ سندھیؒ کی یہ ایک نایاب تحریر ہے جو ایک عرصے کے بعد دوبارہ شائع کی گئی ہے۔

◄◄ کتابچہ: ''زکوٰۃ کے متعلق ارشادِ ربانی اور ہمارا معاشرہ''

مرتب: عبدالہادی ضخامت: 64 صفحات قیمت: 35 روپے

ناشر: شعبۂ نشر و اشاعت الرّحیم ٹرسٹ (انٹرنیشنل) کراچی

اس مادی و الحادی دور میں، ہماری نظر صرف پیسے پر ہے، چاہے وہ جہاں سے بھی ملے۔ لُوٹ کھسوٹ، بلیک مارکیٹنگ، سود جو ذریعہ بھی ہو، پیسہ آنا چاہیے۔ جتنی تگ و دو ہم سود کی زیادہ سے زیادہ شرح کے بارے میں معلومات حاصل کرنے میں کرتے ہیں، اُس کے مقابلے میں زکوٰۃ ادا کرنے میں اُتنی ہی لاپروائی کا شکار ہیں۔ نتیجتاً معاشرہ، معاشی ناہمواری سے لے کر بے برکتی، نحوست اور بے سکونی کے ادبار تلے دبتا چلا جا رہا ہے۔ معاشرتی بگاڑ دن بدن بڑھتا جا رہا ہے۔ ایسے دور میں اِس قسم کے لٹریچر کی اشد ضرورت ہے جسے پڑھ کر لوگوں کو اللہ اور اُس کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم کی تعلیمات کی روشنی میں، زکوٰۃ کی صحیح ادائیگی کی طرف راغب کیا جا سکے۔ اس لحاظ سے جناب عبدالہادی کی کاوش قابلِ تعریف ہے کہ زکوٰۃ سے متعلق مسائل اور اہم معلومات سادہ انداز میں پیش کی گئی ہیں۔

◄◄ کتاب: ''معارفِ اسمِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم''

تالیف: مولانا ثناءاللہ سعد شجاع آبادی قیمت: 90 روپے صفحات: 200

ناشر: دارالکتاب، کتاب مارکیٹ۔ غزنی سٹریٹ، اردو بازار۔ لاہور

کائناتِ حُسن جب پھیلی تو لامحدود تھی
اور جب سمٹی تو تیرا نام ہو کر رہ گئی

حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے ارشاد فرمایا ''جس شخص کے یہاں لڑکا پیدا ہوا، اور وہ میری محبت کی وجہ سے اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کے لئے اُس کا نام محمد رکھے تو وہ شخص اور اُس کا بچہ دونوں جنتی ہوں گے'' بلاشبہ اسمِ محمد ﷺ بابرکت اور پُرتاثیر ہے۔ بے شک اِس نام کے اعجاز و کمال، لازوال ہیں۔ جناب ثناءاللہ سعد شجاع آبادی نے تاریخ اسمِ محمد ﷺ، کمالاتِ اسمِ محمد ﷺ، برکاتِ اسمِ محمد ﷺ، ہندو دھرم میں اسمِ محمد ﷺ کی روشنی، جلوہ ہائے اسمِ محمد ﷺ کے وقیع عنوانات میں تقسیم کرکے، کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ کتاب کا ہر صفحہ عشقِ نبوی ﷺ سے لبریز ہے۔ یہ کتاب اردو زبان میں، اپنے فن کے لحاظ سے ایک نادرۂ روزگار کتاب ہے۔

◄◄ جریدہ: ماہنامہ ''نورٌ علیٰ نور'' (''قرآن کریم نمبر'')

رئیس التحریر: مولانا عبدالرشید انصاری قیمت: 250 روپے ضخامت: 374 صفحات